18/01/2025

07.40 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیاں۔

ہیڈ لائینز

*........وزیر اعظم نریندر مودی نے آج SVAMITVA اسکیم کے تحت جائیداد مالکان میں 65لاکھ سے زیادہ پراپرٹی کارڈ کئے تقسیم۔

*........چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر میں یوم جمہوریہ تقریبات کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا لیا جائزہ ۔

*........شہرہ ٔ آفاق ولر جھیل کو تحفظ دینے اور اس کی شان رفتہ بحال کرنے کیلئے اقدامات جاری ۔

اور

*........وزیر اعظم نریندر مودی کل اپنے ریڈیو پروگرام من کی بات مینمختلف موضوعا ت پر کریں گے اظہار خیال ۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے SVAMITVA اسکیم کے تحت جائیداد مالکان میں 65لاکھ سے زیادہ پراپرٹی کارڈس تقسیم کئے۔ یہ پراپرٹی کارڈ دس ریاستوں اور مرکز کے زیرا نتظام دو علاقوں میں پھیلے50ہزار سے زائد دیہات میں تقسیم کئے گئے۔اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے آج کے دن کو دیہی اقتصادیات کیلئے تاریخی اہمیت کا قرار دیا ۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے پانچ برسوں کے دوران اسکیم کے تحت دو کروڑ25لاکھ پراپرٹی دستاویزات جاری کئے گئے ہیں۔انہوں نے کہا ۔

...........(PM)....V/o...........

جتندر سنگھ

ادھر جموں کشمیر کے مختلف ضلعوں میں بھی SVAMITVA اسکیم کے تحت پروگراموں کا انعقاد کیا گیا اور جائیداد مالکان میں پراپرٹی کارڈ تقسیم کئے گئے ۔ ڈی سی آفس کھٹوعہ میں منعقدہ پروگرام میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر

جتندر سنگھ نے شرکت کی ۔ اس موقعے پر وزیر موصوف نے کہا کہ اسکیم کے تحت دیہی علاقوں کے لوگوں کو سماجی و اقتصادی طوربا اختیار بنانے میں مدد ملے گی ۔ریاسی ضلع میں دو سومستحقین میں یہ کارڈ تقسیم کئے گئے۔

جتندر

دریں اثنا ڈاکٹر جتندر سنگھ نے سپورٹس اسٹیڈیم کھٹوعہ میں سنسد کھیل سپردھا کا ورچول طریقے پر افتتاح کیا ۔اس تقریب کھٹوعہ ڈاکٹر بھارت بھوشن ، ایم ایل اے ہیر انگر ایڈوکیٹ وجے شرما اور کئی دیگر شخصیات بھی موجود تھیں-MLA میں

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج جمونمیں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران یوم جمہوریہ تقریبات کو احسن طریقے سے منانے کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے ڈویژنل انتظامیہ پر زور دیاکہ وہ ان تقریبات میں زیادہ سے زیادہ لوگونکی شرکت کو یقینی بنائیں ۔ انہوں نے اہم مقامات اور سرکاری عمارات کو روشنیونسے سجانے کی بھی ہدایت دی ۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کرکے تمام انتظامات کو حتمی شکل دیں ۔انہوں نے کہاکہ تقریبات کے مقامات پر پانی اور بجلی کی بلا خلل سپلائی کو بھی یقینی بنایاجانا چاہئے ۔ میٹنگ میں سول انتظامیہ اور پولیس کے کئی اعلیٰ افسروں نے بھی شرکت کی ۔ادھر مختلف ضلعوں میں منعقدہ الگ الگ میٹنگوں کے دوران ان اضلاع میں یوم جمہوریہ تقریبات کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا گیا ۔

رپورٹ

جموں وکشمیر حکومت شہرہ ٔ آفاق ولر جھیل کو تحفظ دینے اور اس کی شان رفتہ بحال کرنے کیلئے تمام سطحوں پر اختراعی اقدامات کر رہی ہے ۔ ایک رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر۔

........(Tariq Rather)....V/o........

مجسمہ

برف کے مجسمے بنانے کے دو کشمیری ماہر ظہور الدین لون اور سہیل محمد خان کو امریکہ میں منعقد ہونے والے انٹر نیشنل سنو سکلپچر مقابلوں میں بھارت کی نمائندگی کرنے کیلئے منتخب کیا گیا ہے ۔ ظہور الدین کا تعلق سنگھ پور ہ پٹن بارہمولہ سے ہے جبکہ سہیل محمد خان جو قوت سماعت اور قوت گویائی سے محروم ہے اور ان کا تعلق نیوہ پلوامہ سے ہے ۔ امریکہ میں یہ مقابلے کل سے شروع ہو رہے ہیں۔ ظہور احمد لون نے امریکہ سے ہمارے شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے خیالات کا یوں اظہار کیا۔

............Byte............

عالمی سطح کے اس مقابلے میں دنیا بھر کے مجسمہ کاروں کو ایک جگہ جمع ہونے اور انہیں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے کا ایک موقعہ فراہم کرتے ہیں۔مقابلوں کی طرف عالمی توجہ مرکوز رہے گی اور مجسمہ کاروں کو اپنے ہنروں کو نئی سمت تک لے جانے میں بھی مدد ملے گی ۔

روڈ سیفٹی

جموں کشمیر میں 31جنوری تک جاری رہنے والے قومی روڈ سیفٹی مہینے کے سلسلے میں ان دنوں بیداری سرگرمیوں کا انعقاد جاری ہے ۔ٹرانسپورٹ کمشنر وی پی مہاجن نے آج RTO کشمیر کے ہمراہ اننت ناگ کا دورہ کرکے وہاں ایک بیداری پروگرام میں حصہ لیا ۔ اس موقعے پر ہمارے نمائندے تصدق رشید کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

........(V.P.Mahajan)....Byte........

نشہ

ملک کو نشے کی لعنت سے پاک کرنے کیلئے انفرادی اور اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

................Byte (PM)............

ادھر جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئے جا رہے اقدامات کے خاطر خواہ نتائج سامنے آرہے ہیں۔ اس حوالے سے جب ہم نے جموں کے ایک سماجی کارکن سبھاش شاستری کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا ۔

........Byte (Subash)........

گرفتاری

نشیلی اشیاءکے کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف اپنی کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے پولیس نے سات افراد کو گرفتار کیا ہے۔گرفتار کئے گئے ڈرگ سمگلروں کی پہچان اننت ناگ کے عمران گنائی ،کھنہ بل کے عابد نندا،برین نشاط کے عمر فاروق ،بیروہ کے بلال احمد بٹ اور روف احمد بٹ ، چیو ڈارہ کے مختار احمد نجاراور کیگام شوپیان کے امتیاز احمدحرہ کے بطور ہوئی ہے ۔ گرفتار کئے گئے ان افراد سے نشیلی اشیاءکی ایک بڑی مقدار ضبط کی گئی ہے ۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔DTH خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور

خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق  آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس

پر بھیج سکتے ہیں۔ akashvanisrinagarnews@gmail.com

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج اجمیر میں کشمیری طلباءاور تاجر برادری کے ساتھ ملاقات کی ۔ انہوں نے کہاکہ جموں کشمیر سے باہر کام کر رہے تاجروں اور طلباءبرادری کے مسائل کو فوری طور سے جموں کشمیر حکومت کی نوٹس میں لایاجانا چاہئے ۔ انہوں نے کہاکہ حکومت ان کے مسائل کا ازالہ کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کرے گی۔

کانگریس

کے سربراہ طارق JKPCC آل انڈیا کانگریس کمیٹی کی پد یاترا کے تحت آج جموں کشمیر پردیش کانگریس کے کارکنوں نے حمید قرہ کی قیادت میں ایک پد یاترا نکالی اس موقعے پر طار ق حمید قرہ نے الزام لگایا کہ کچھ پارٹیانسیاست کے نام پر منافرت پھیلا رہی ہیں۔

تپ دق

ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی سودنوں پر مشتمل تپ دق مخالف مہم شدو مد سے جاری ہے اور طبی ماہرین نے اس بیماری میں مبتلا مریضوں سے کہا ہے کہ وہ آگے آکر اپنا علاج کرائیں۔

صحت یاب ہوئے ایک مریض کے تاثرات۔

............(Patient)....Byte............

من کی بات

وزیرا عظم نریندر مودی آکاشوانی سے نشر ہونے والے پروگرام من کی بات کے ذریعے ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ کل اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 118واں نشریہ ہوگا ۔

موبائل ایپ پر AIR یہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن کے تمام نیٹ ورک ، آکاشوانی خبروں کے ویب سائٹ اور نیوز آن نیوز ،وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات DDنشر کیا جائے گا ۔اس کے علاوہ من کی بات کو آل انڈیا ریڈیو نیوز ، کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر بھی براہ راست نشر کیاجائے گا۔ من کی بات کے ہندی نشریے کے فورا بعد آکاشوانی ،اس پروگرام کو مقامی زبانوں میں نشر کرے گا ۔

مہا کنبھ

اُتر پردیش کے پریاگ راج میں مہا کنبھ میلہ جاری ہے اور آج بھی لاکھوں کی تعداد میں شردھالوں نے وہاں امرت اسنان میں حصہ لیا ۔مہا کنبھ 26فروری تک جاری رہے گا ۔

...............Music...........

ہینڈی کیپڈ

جموں کشمیر ہینڈی کیپڈ ایسو سی ایشن نے آج خانپورہ بڈگام میں قوت بینائی سے محروم بچوں کیلئے ایک ڈیجیٹل لیٹریسی پروگرام کا آغاز کیا ۔جس کا مقصد اس طبقے کے بچوں کا جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرا کے انہیں با اختیار بنانا ہے ۔

اس تقریب میں ایسو سی ایشن کے صدر عبدالرشید بٹ ، آل انڈیا ریڈیو سرینگر کے سابق پروگرام سربراہ سید ہمایوں قیصر اور دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

اطلاع

عوامی شکایات پر مبنی شعبہ خبر کا تیار کردہ پروگرام شہر شہر منظر ہر جمعرات کو صبح ساڑھے نو بجے نشر ہوتا ہے ۔ آپ اس پروگرام کے ذریعے مسائل کو اجا گر کرنے کیلئے ہر سوموار اور منگلوار کو صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر0194-2452019 پر اپنی شکایات ریکارڈ کرا سکتے ہیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر کے میدانی علاقوں میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے جبکہبالائی علاقوں میں ہلکی بارش یا برفباری ہو سکتی ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 7.7ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی0.9ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 17.1ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت8.5ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر36منٹ پراور غروب آفتاب شام5بجکر48منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ